بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): جی میں جواب دے رہا ہوں۔ اس طرح ہے جی کہ یہ جو جواب ان کو جز (ج) میں دیا گیا ہے، اس پہ تقریباً Overall دس سکیمیں Identify کی گئی ہیں، ان سکیموں کے نیچے پھر کافی روڈز ہیں جن کی تفصیلات ساتھ Attached ہیں، اس میں تقریباً کوئی پانچ چھ سکیمیں مکمل ہو چکی ہیں جس کے ساتھ لکھا ہوا ہے کہ یہ مکمل ہیں اور چار تقریباً ایسی ہیں جو کہ ایک، نمبر 6 سکیم جون 2010 تک Complete ہو جائیگی۔ باقی تین سکیمیں جو ہیں، سکیم نمبر 2، 9 اور 10 انشاء اللہ جون 2011 تک اس کی Cut off date ہے اور وجہ اس کی کہہ رہے ہیں کہ یہ کیوں لیٹ ہوئی ہیں؟ اسلئے لیٹ ہوئی ہیں کہ سابقہ گورنمنٹ نے اپنے Annual Development Plan میں اتنا کچھ ڈال دیا تھا کہ اس کا Throw forward پانچ چھ سال تک چلا گیا اور جب ہماری گورنمنٹ آئی تو ہمارے پاس اتنی گنجائش نہیں تھی کہ ہم 70/75% پچھلی گورنمنٹ کا Annual Development Programme چلائیں اور 30% نئی سکیمیں لائیں تو اس کی وجہ سے یہ Throw forward جو ہے، یہ اتنا لمبا ہو گیا۔ انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ جون 2011 تک یہ تمام سڑکیں مکمل ہو جائیں گی، یہ وجوہات اس کی ہیں۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Ji, Janab Muhammad Javed Abbasi Sahib, again, Question No?

جناب محمد جاوید عباسی: 614 ہے، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: 618.

جناب محمد جاوید عباسی: جی، 614 جناب، سوری 618 ہے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 618۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ایف 48 کے پہاڑی علاقہ میں برفباری اور بارشوں سے اس کی تمام روڈز خراب ہو چکی ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ایم اینڈ آر فنڈ نہ ہونے کی وجہ سے ان کی مرمت میں دشواریاں درپیش ہیں؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ حلقے کیلئے کم از کم دو کروڑ روپے ایم اینڈ آر فنڈ میں جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کریں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پی ایف 48 کے پہاڑی علاقہ میں برفباری اور بارشوں سے اس کی زیادہ تر روڈز خراب ہو چکی ہیں۔ برفباری اور لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے جو روڈز بند ہوتی ہیں، ان کو تو محکمہ صاف کر دیتا ہے لیکن روڈ کی باقی مرمت کیلئے فنڈز دستیاب نہیں ہیں۔

(ب) ضلع ایبٹ آباد کو صوبہ سے ایم اینڈ آر کی مد میں 10.000 ملین روپے سالانہ کا فنڈ ملتا ہے جس کا ورک پلان ڈسٹرکٹ ناظم منظور کرتا ہے اور ورک پلان کے مطابق صرف انہی سکیموں پر کام ہوتا ہے۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ نے سال 09-2008 ایم اینڈ آر کے تحت 10.000 ملین روپے مختص کئے تھے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) برف کی صفائی ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کیلئے	5.000 ملین روپے
(2) شہری سڑکوں کی مرمت کیلئے	2.400 ملین روپے
(3) ایمرجنسی اور رولر روڈ کیلئے	2.600 ملین روپے

فنڈز کی کمی کی وجہ سے تمام سڑکوں کی مرمت کرنا مشکل ہے۔

(ج) ایم اینڈ آر فنڈز کی فراہمی ضلعی حکومت کے دائرہ اختیار میں ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! اس میں مختصر سا جواب چاہیئے۔ میں نے پوچھا تھا اور یہ کہتے ہیں کہ " جی ہاں، یہ درست ہے کہ پی ایف 48 کے پہاڑی علاقہ میں برفباری اور بارشوں سے اس کی زیادہ تر روڈز خراب ہو چکی ہیں۔ برفباری اور لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے جو روڈز بند تھیں، وہ محکمے نے صاف کر دی ہیں لیکن روڈ کی مرمت اسلئے نہیں ہو سکی کہ ہمارے پاس فنڈز دستیاب نہیں ہیں"۔ جناب سپیکر، ہم یہ خود مانتے ہیں کہ یہ بات بالکل ٹھیک ہے اور یہ سچ ہے جو محکمے نے لکھا ہے۔ میری صرف حکومت سے ریکویسٹ ہے کہ اگر آپ یہ بات مانتے ہیں کہ ہر سال وہاں برفباری ہوتی ہے، پہاڑی علاقہ ہے، روڈ خراب ہے اور پوری طرح سلائیڈنگ ان سے ٹھیک نہیں ہو سکی تو مرمت کیلئے محکمے کو کوئی سپیشل پیسے دیئے جائیں تاکہ وہ

روڈز، جو کچے راستے ہیں، جو ایک علاقے کو دوسرے علاقے سے ملاتے ہیں، اگر اس طرح چھوڑ دیا گیا تو وہ تو مکمل طور پر بند اور تباہ ہو جائینگے تو لہذا اس کیلئے کیا حکومت کسی سپیشل پیکج کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ وہ روڈز دوبارہ Rehabilitate ہو سکیں جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: نہیں، اس میں جو ڈسٹرکٹ ناظم والا چکر تھا نا، پتہ نہیں کہ وہ ختم ہوا ہے یا ختم نہیں ہوا، ایم اینڈ آر والا فنڈ؟

وزیر قانون: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! وہ تو کب کا ختم ہو گیا ہے جی۔

جناب سپیکر: نہیں، اب بھی شاید وہ پورا نہیں گیا۔

وزیر قانون: ابھی تک تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: یہ تو اس طرح ہے جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: جی جی۔ یہ Last year تک تو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ناظم اعلیٰ صاحب جو تھے، وہ دیا کرتے تھے ایم اینڈ آر کی سکیمیں، ابھی چونکہ محکمہ کے پاس یا ڈسٹرکٹ گورنمنٹ یا ڈی سی او کو کرنے کا اختیار ہو گا۔ اس سال جی ایم اینڈ آر میں پہلے کی نسبت کئی زیادہ فنڈز رکھے گئے ہیں، اس میں کافی Increase آیا ہے اور Exact تفصیلات ایبٹ آباد کے حوالے سے یا پھر ان کے Constituency کے حوالے سے تو ادھر محکمہ کے سینیئر آفیسرز بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کو ان کے ساتھ پھر بٹھا لونگا اور انشاء اللہ ان کی تسلی کرینگے تاکہ ان کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ ایم اینڈ آر فنڈ ابھی ڈیپارٹمنٹ کو ملا ہے، ایکسیئن کو یا ڈی سی او کر رہا ہے؟

وزیر قانون: یہ ڈی سی او کے لیول پہ ہو گا جی، ہو گا ڈی سی او کے لیول پہ لیکن چونکہ فنڈز اس کو سی اینڈ ڈبلیو دیگا تو لہذا یہ معلومات دینے کیلئے کہ فنڈز میں کتنا Increase آیا ہے، وہ ہم ڈیپارٹمنٹ سے کروا دینگے اور

پھر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ یا جو ڈی سی او متعلقہ ہوگا، ان کی سکیمیں جو مناسب ہونگی تو انشاءاللہ وہ اس میں ڈالیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ بات مجھے ذرا کلیئر کریں اور یہ میرا حلقہ ذرا چھوڑ دیں، یہ ایم اینڈ آر کا پیسہ یا تو ڈیپارٹمنٹ کے Disposal پہ آپ چھوڑیں، سی اینڈ ڈبلیو کے یا کسی محکمے، ڈی سی او صاحب کا تو کوئی رول ہی نہیں بنتا اس سارے پیسے کے اندر، نہ ہمیں پتہ چلتا ہے اور یا پھر پراونشل گورنمنٹ ایسا Set up بنائے کہ وہ ایم پی ایز اور حلقے کے لوگ، ہمارے ساتھ بیٹھیں تا کہ ہمیں پتہ چلے کہ ہمارے حلقے میں کتنا پیسہ خرچ ہوتا ہے؟ آج تک ڈی سی او کا کسی کو پتہ ہی نہیں ہے کہ ان کے پاس کوئی فنڈ آتا ہے یا وہ پیسہ کہاں جاتا ہے؟ اتنا بڑا پیسہ دیا ہے، بڑی زیادتی ہے کہ یہ پیسہ ڈی سی او کے Disposal پر ڈالا جا رہا ہے۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا!

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان صاحب۔ اود ریږه د دوئ سوال هم خو دا د ایبټ آباد متعلق دے، د دوئ سره به دغه نه وی کورے۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، زۀ منسټر انچارج صاحب ته دا ریکویسټ کوم چه آیا دے دا بنودلے شی چه دا Maintenance Funds چه دے، دا ډیپارټمنټ، پبلک هیلتھ انجینئرنگ او پبلک ورکس اینډ سروسز ته زیر تجویز وو؟ آیا دوئ دا فیصله اوکړه او په څومره ټائم کښے به دا اوشی جی؟ په دے باندے باقاعده میټنگ شوے وو۔

جناب سپیکر: دا خو پکښے اوس فریش غوندے کوئسچن راغے، د دے جواب خو-----

وزیر قانون: دا فریش کوئسچن دے جی۔

جناب سپیکر: دا فریش کوئسچن دے، دا دے نه شی درکولے۔

ملک قاسم خان خٹک: په دے باندے میټنگ شوے وو جی۔

جناب سپیکر: دے وخت کښے د دوئ سره ډیټا نشته۔ زما په خیال Cover کولے شی جی۔

وزیر قانون: خبره اصل کبنے دا ده چه د دے ډیټا نشته، تاسو فریش کوئسچن راولئ، که وو ما به درکړے وو، ملک صاحب! تۀ خو په مونږ ډیر ګران ئے۔ (قہقہہ) خو نشته، باقی عباسی صاحب کی جو تجاویز ہیں، یہ بالکل ہم محکمہ کے ساتھ ڈسکس کرتے ہیں اور اگر Prudent ہوا تو انشاءاللہ محکمہ کرے گا اور اگر ڈی سی او جاری رکھے گا تو اس کی وجوہات بھی آپ کو بتا دیں گے کہ کیا وجہ ہے؟ تھینک یو۔

جناب سپیکر: محمد زمین خان صاحب! سوال نمبر 629۔

* 629۔ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کس پوچہ خیل ضلع دیر پائیں کی سڑک کیلئے گزشتہ دور حکومت میں رقم مختص کی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک ابھی تک نامکمل ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ سڑک کیلئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور اب تک اس پر کتنی رقم خرچ کی جا چکی ہے؛

(ii) مذکورہ سڑک کے مکمل نہ ہونے کی وجوہات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) مذکورہ سڑک کیلئے کل مبلغ 4.162 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں اور اب تک اس پر 12 لاکھ روپے خرچ کئے گئے ہیں۔

(ii) مذکورہ سڑک اے ڈی پی کے سیریل نمبر 380/60155 برائے سال 10-2009 میں شامل ہے اور اب تک محکمہ خزانہ نے فنڈز ریلیز نہیں کئے ہیں، اس وجہ سے سڑک پر کام نہیں ہو سکا، اگر مذکورہ فنڈز محکمہ خزانہ نے ریلیز کئے تو سڑک انشاءاللہ جون 2010ء تک مکمل کی جائی گی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر! دا کوئسچن چه کله ما راوړے وو نو هغه وخت کبنے دغه نه وو او اوس پرے کار شروع شوے دے۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: تهینک یو جی۔ د لودهی صاحب کوم سوال وو جی چه Lapse شوے وو؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میرا ایک سوال ابھی رہتا ہے جی۔

جناب سپیکر: کوئی رہتا ہے جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: ہاں جی، میرا سوال نمبر 630 ہے۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں، لودھی صاحب! ایک منٹ۔ جاوید عباسی صاحب سوال نمبر 630۔

* 630۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے 1994ء میں ایک نوٹیفیکیشن کے تحت روڈ انسپکٹرز/ قلیوں کی آسامیاں ختم کی ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ آسامیوں کو ختم کرنے سے صوبہ سرحد کی بالعموم اور ایبٹ آباد کی بالخصوص تمام سڑکیں خراب سے خراب تر ہوتی جارہی ہیں؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ ایم اینڈ آر فنڈ کی مد میں ایبٹ آباد کو 2000ء میں کوئی فنڈ مہیا نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے بارشوں اور برفباری سے کئی سڑکوں کی مرمت میں دشواریوں کا سامنا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت کب تک روڈ انسپکٹرز/ قلیوں کی آسامیوں پر سے پابندی ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ii) ایم اینڈ آر فنڈ کا اجراء ضلع ایبٹ آباد کو کب تک کیا جائے گا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔ صوبائی کابینہ نے 1998ء میں ایک فیصلے کے تحت محکمہ تعمیرات اور محکمہ آبپاشی میں موجود تمام Road Gangs کی آسامیاں بشمول قلی کو Dying Cadre قرار دیکر ان آسامیوں پر موجود لوگوں تک محدود (Personal) قرار دیا گیا جن کی ریٹائرمنٹ کی صورت میں یہ آسامیاں خودبخود ختم تصور ہونگی اور ان پر تعیناتی کو ممنوع قرار دیا گیا۔ چٹھی نمبر NO.BI/5-8/98-99/FD Dated Peshawar, 26th July 1998 ملاحظہ ہو۔

(ب) جی ہاں، قلی کی آسامیاں فوتگی اور ریٹائرمنٹ کی صورت میں ختم کی جاتی ہیں جس کی وجہ سے محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس کے زیر نگرانی سڑکوں کی مرمت کے سلسلے میں اثر پڑا ہے۔

(ج) ایم اینڈ آر کی مد میں ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کیلئے 2000ء میں -/22,25,732 روپے کی رقم خرچ کی گئی جس میں حلقہ پی ایف 48 ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کیلئے -/7,08,523 روپے کی رقم خرچ کی گئی۔

(د) (i) چونکہ یہ صوبائی معاملہ ہے اور محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس نے پی ڈبلیو ڈی لیبر یونین کے مطالبات فنانس ڈیپارٹمنٹ کو بھیجے ہیں جس میں مذکورہ روڈ قلیوں کی آسامیوں کے معاملے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔ چٹھی نمبر NO.SOE-I/W&SD/24-58/2008 Dted Peshawar, the July 23rd 2008 ملاحظہ ہو۔

(ii) ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کو پی ایف سی ایوارڈ کے تحت 10-2009 میں دس ملین روپے فنڈ ایم اینڈ آر کی مد میں مہیا کیا گیا جس کا ورک پلان ڈسٹرکٹ ناظم نے منظور کیا، تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ بہت Important Question ہے اور یہ میرے اپنے علاقے یا صرف ایبٹ آباد سے نہیں بلکہ پورے صوبے سے تعلق رکھتا ہے۔ جناب، آج جو پریشانی ہم دیکھ رہے ہیں اس کی صرف Main وجہ یہ ہے جناب سپیکر، کہ Traditionally طور پر ہوتا یہ تھا کہ جب روڈز بنائی جاتی تھیں تو روڈز کیلئے Gangs یا قلی جن کو کہتے تھے، وہ لگائے جاتے تھے، وہ روڈز کو دیکھتے تھے اور ٹھیک کرتے تھے مگر پچھلے کچھ سالوں سے یہ انہوں نے ختم کر دیئے۔ آپ دیکھیں کہ پورے صوبے میں یہ مسئلہ ہے، پورے صوبے کی روڈز میں اگر کوئی چھوٹی سی سلائیڈنگ ہو جائے، کہیں پر بھی Drainage اس کی بند ہو جائے یا روڈ کے اوپر کوئی چیز آجائے تو Look after کرنے والا کوئی نہیں ہے، جس کی وجہ سے ہمارے پورے صوبے کی جو روڈز ہیں جس پر کروڑوں یا اربوں روپے ہر سال خرچہ ہوتا ہے تو ان بندوں کے نہ ہونے کی وجہ سے وہ خراب ہو رہی ہیں اور شاید یہ قانون بنا دیا گیا تھا کہ جب یہ مر جائے گا تو Next آدمی اس سیٹ پر اپوائنٹ نہیں ہو سکتا۔ ہم چاہیں گے کہ اس معاملے پر آج سارے دوست بات کریں گے، ان کے بھی اپنے ضمنی کوسچنز ضرور ہونگے، ان کو دوبارہ تمام روڈز پر بحال کیا جائے تاکہ روڈز کا جو اصل معاملہ تھا، اس کو ہم جاری رکھ سکیں جناب سپیکر۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ملک قاسم خان۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر! جناب سپیکر!

جناب سپیکر: یو منټ جی، د ملک قاسم خان صاحب نه پس تا سو۔ جی۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، دے بارہ کښے د دے اسمبلئ په دے فلور باندے باقاعده Commitment شوے وو چه روډ قلی او باقاعده د هغے Measurement چه دومره به د یو یو قلی دغه وی او د هغے په باره کښے فنانس منسټر په فلور باندے یقین دهانی ورکړے وه، په هغے باندے څومره پیش رفت اوشو که اوسه پورے نه دے شوے ؟ دا روډ قلی چه کوم ختم دی، دا په دے فلور باندے فیصله شوے وه چه دا به بیا مخے ته په بجټ کښے وی او په پبلک هلیتھ انجینئرنگ ډیپارټمنټ کښے اوشو او روډز قلیز Still پاتے دی۔ زهٔ د وزیرصاحب نه دا پته کوم چه په هغے باندے څومره پورے پیش رفت شوے دے ؟

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اس کیلئے ہم Written Notice دے رہے ہیں تاکہ ہاؤس میں اس پر ڈیٹیل ڈسکشن ہو اور سارے ممبران اس میں حصہ لے سکیں۔

جناب سپیکر: یہ Written Notice نوٹس دے دیں، Written۔

جناب محمود عالم: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: بس په دے خو Written Notice نوټس اوس راغے۔

جناب محمود عالم: جاوید عباسی کے ضمنی کوئسچن میں میں ذرا بولنا چاہتا ہوں کیونکہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی اس پر نوٹس آگیا جب ڈیٹیل ڈسکشن ہو گی تو اس میں آپ بالکل بولیں جی۔ قلندر خان لودھی صاحب، سوال نمبر 599۔

* 599۔ حاجی قلندر خان لودھی: کیا وزیر لائیوسٹاک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حیوانات پر ظلم کے تدارک کیلئے قانون نافذ ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مذکورہ قانون کے تحت درج شدہ کیسوں کی تعداد بتائی جائے، نیز سزا شدہ اور پینڈنگ کیسوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟

حاجی ہدایت اللہ خان (وزیر امور حیوانات): (الف) اس ضمن میں مطلع کیا جاتا ہے کہ وفاقی قوانین لائیو سٹاک ایکٹ 1890ء (ترمیم شدہ 1981ء) کے تحت حیوانات پر ظلم کے تدارک کیلئے (An Act for the Prevention of Cruelty to Animals) قانون موجود ہے جس میں حیوانات پر ہر قسم کے ظلم کی روک تھام کیلئے سزا کا قانون موجود ہے جس کی کاپی فراہم کی گئی جبکہ مزید ضمنی سوالات کے بارے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ:

1۔ 31-12-1991 تک صوبہ سرحد میں یہ ایکٹ لاگو تھا لیکن بعد میں اس ادارے کو چلانے کیلئے فنڈز مہیا نہیں تھے۔ بہ ایں وجہ یہ ادارہ بند کیا گیا۔

2۔ اس کا نعم البدل دوسرا ایکٹ لاگو نہیں کیا گیا ہے۔

3۔ اس وقت یہ ادارہ بند ہے۔

4۔ یہ ادارہ وفاقی قوانین لائیو سٹاک ایکٹ 1890ء (ترمیم شدہ 1981ء) کے تحت قائم کیا گیا۔

5۔ 31-12-1991 تک یہ ادارہ صوبہ سرحد میں کام کرتا رہا ہے، اس کے بعد یہ ادارہ بند کر دیا گیا ہے۔

6۔ اس ادارے کا چیئرمین جناب ڈپٹی کمشنر پشاور ہوتا تھا، یہ ادارہ اس کی زیر نگرانی کام کر رہا تھا۔

(ب) چونکہ یہ ادارہ یکم جنوری 1992ء کے بعد سے صوبہ سرحد میں بند کیا گیا ہے اسلئے اس سوال کا جواب نفی میں تصور کیا جائے۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے دوبارہ ٹائم دیا۔ جناب سپیکر، یہ بے زبانوں کا جو مسئلہ تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ چونکہ آج 'پرائیویٹ ممبر ڈے' ہے، آپ کا دن ہے تو آپ کا دل جو چاہے لیکن اس کو Precedent نہ بنائیں کہ ہم روزانہ یہ Repeat کرینگے۔ جی، لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی سر، میں آپ کا مشکور ہوں، میں نے آپ کا شکریہ ادا کیا، میں اس کو وہ نہیں بتاتا۔ جناب سپیکر، انہوں نے اس کا جواب بڑی ڈیٹیل سے دیا ہے اور اس کی Aid کے متعلق بھی انہوں نے

حساب لگایا ہے، کاپیاں لگائی ہیں، وہ میں نے پڑھی ہیں، بڑے اچھے طریقے سے محکمے نے جواب دیا ہے، لیکن اس میں جناب سپیکر، یہ جز نمبر 5 پر دیکھیں کہ " 1991-12-31 تک یہ ادارہ صوبہ سرحد میں کام کرتا رہا ہے اور اس کے بعد یہ ادارہ بند کر دیا گیا" ۔ جواب میں یہ لکھتے ہیں کہ "اس ادارے کا چیئرمین جناب ڈپٹی کمشنر پشاور ہوتا تھا، یہ ادارہ اس کی زیر نگرانی کام کر رہا تھا، اب یہ 1992 سے بند ہو گیا" ۔ جناب سپیکر، یہ میری تجویز ہے اور میرا اس میں ضمنی یہ ہے آپ کے توسط سے کہ یہ یونین کونسل لیول تک یہ لوگ مرغے لڑاتے ہیں، کتے لڑاتے ہیں، ان کے پاس یہ سانڈ ہیں، ان کو لڑاتے ہیں اور ان کے پاس یہ بھینس ہیں، یہ جانور ہیں اور جان رکھتے ہیں، ان سے وہ زخمی ہوتے ہیں، ایک دوسرے کو مارتے ہیں اور انسان ان پر ہنستے ہیں۔ اس کے بعد یہ ہے کہ یہ لاغر جانور ہیں، تانگے کے آگے جو گھوڑا ہے، وہ گر رہا ہے، مر رہا ہے لیکن اس پر وہ کام کر رہے ہیں۔ لاغر جانوروں پر وہ لوڈ ڈالا جا رہا ہے، اس پر لاد رہا ہے اور اس کو استعمال کر رہے ہیں لیکن ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ کمشنر صاحب 1992ء تک تو کچھ دیکھتا تھا، کیا دیکھتا ہو گا، پورے صوبہ سرحد کو وہ کیسے دیکھ سکتا ہے؟ وہ سارے صوبے کو دیکھ سکتا ہو گا لیکن چلیں ایک ایکٹ تھا اور کچھ ادارہ تو تھا، اب بالکل یہ ختم ہو گیا، بند ہو گیا۔ ضمنی سوال میں میری یہ تجویز ہو گی کہ گورنمنٹ یونین لیول پر، میونسپل کمیٹی لیول پر، کمیٹی لیول پر یا کسی ادارے کے ذمے تو یہ کرے کہ کوئی ان کو Watch تو کرے کہ یہ بھی جان رکھنے والے ہیں اور ان کا بھی حساب پوچھا جائے گا جی۔ امید ہے کہ گورنمنٹ اس پر سنجیدہ ہو جائے گی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی هدایت الله خان صاحب! دا لائیو سټاک بنائی چه تا سو په دے باندے څه رحم به کوئ که نه جی؟

<u>حاجی ہدایت اللہ خان (وزیر امور حیوانات)</u>: او۔ سپیکر صاحب! ډیره مهربانی او شکریه۔ لودهی صاحب ډیر ښه سوال راوړے دے نو واقعی ده چه په ځناورو باندے ظلم کول، د هغوی سره زیاتے کول یا څنګه چه دوئ د چرګانو د لړائی مړائی خبره کوی نو دا ډیره اهم خبره ده خو مونږه جی هغوی ته معذرت په اخر کښے دا کړے دے چه چونکه د 1991ء پورے دا زمونږ سره موجود وو او دا فنډنګ به فیډرل ګورنمنټ کولو نو په دے وجه باندے هغه فنډ چونکه هغوی بند کړو نو زمونږ سره دا سے څه Sources نشته دے چه مونږه هغه جاری اوساتو او نور زمونږ په خپل

زړۀ کښے د هغوی سره ډیره همدری ده، د ځناورو سره بلکه د هغے په باره کښے مونږ ته بار بار حدیث هم مخے ته راغلی دی، د پیغمبر ﷺ ارشاد دے چه یره په هغوی باندے د بار برداری خیال ساتئ، د هغوی د خوراک خیال ساتئ بلکه داسے هم د یو بزرگ دغه دے چه یو جهنمی ښځه چه کوم وه، د هغے د پاره جهنم واجب شوے وو نو هغه په یو سپی د رحم د لاسه دغه ته لاړه، د جنت مستحق اوګرځیده۔ هغے خپله پنړه راواغسته، کوهی ته ئے ورښکته کړه او هغه تږے سپی ته ئے اوبۀ ورکړے۔ بیا یو ښه نیکه او ښه ښځه د یو پیشو د لاسه د جهنم مستحق شوه، په دے وجه باندے چه هغے هغه تړلے وه وږے تږے او په دے حالت هغه پیشو مړه شوه نو بار بار د دے د پاره دا تاکید مونږ ته کړے دے چه تاسو په دے باندے رحم کوئ او همیشه د پاره دوئ سره ښه سلوک کوئ ځکه چه د هغوی خپله ژبه نشته چه ستا نه اوغواړی، د هغوی د علاج معالجے د پاره، بلکه زۀ به پکښے دا یو خبره زیاته کړم چه دلته کښے د هغوی د پاره باقاعده یو هسپتال هم وو۔ پخوا خو د ټانګو رواج زیات وو، زمونږ دے کلو ته به ټولے ټانګے چلیدے، اوس دا سوزوکیان چه راغلل نو تقریباً تقریباً دے ټانګے کمے کړے بلکه ورکے لا نه دی خو کمے شوے نو په دے وجه چه کوم اسونه یا اسپے، په هغے باندے به ئے کار کولو یا کوم خچرے به د بار برداری کار کولو نو باقاعده د هغے د پاره هسپتال وو، په هغه هسپتال کښے به د هغے علاج معالجه کیده خو صرف د فنډ په وجه باندے نن مونږ ته دا مسئله ده۔ که زمونږه معزز ممبر لودهی صاحب دا غواړی بیا چه یره واقعی دا ضروری خبره ده بلکه زۀ خو دا محسوس کوم چه ډیره ضروری ده خو زمونږه مجبوریانے دی چه د فنډ خبره ده نو که دوئ د اسمبلئ نه دا پاس کول غواړی، دوئ د د اسمبلئ نه پاس کړی، بیا به د هغے د پاره یو ذریعه د فنډ پیدا کړو انشاء الله نو مونږ به له خیره سره دا بیا ستارټ کړو او بیا به په ښه موثره طریقے مونږه د هغے تدارک کوؤ انشاء الله۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

غیر نشاندار سوالات اوران کے جوابات

570۔ محترمہ مہر سلطانہ: کیا وزیر امور حیوانات وامداد باہمی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ڈائریکٹریٹ آف لائیو سٹاک ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ کام کر رہا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈائریکٹریٹ کے ذریعے کروڑوں روپے کے پراجیکٹس مکمل کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ ڈائریکٹریٹ کب قائم کیا گیا، اس سلسلے میں جاری شدہ نوٹیفیکیشن کی کاپی فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ ڈائریکٹریٹ کے ذریعے جو پراجیکٹس مکمل کئے گئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے نیز مذکورہ پراجیکٹس سے عوام کو کیا کیا فائدے ہوئے ہیں، ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) آیا مذکورہ سنٹر میں تمام بھرتیاں قانون/میرٹ کی بنیادوں پر کی گئی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>حاجی ہدایت اللہ خان (وزیر امور حیوانات):</u> (الف) ہاں، یہ درست ہے کہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (ریسرچ ونگ) صوبہ سرحد کے تحت ڈائریکٹریٹ آف لائیو سٹاک ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ ایک اہم شعبے کے طور پر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

(ب) ہاں، یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈائریکٹریٹ کے ذریعے کروڑوں روپے کے پراجیکٹس مکمل کئے گئے ہیں۔

(ج) (i) مذکورہ ڈائریکٹریٹ لائیو سٹاک ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ فارم سوڑیزئی پشاور، اینمل پروڈکشن ڈویژن پشاور اور لائیو سٹاک ایکسپریمنٹل شیپ فارم جبہ ضلع مانسہرہ کو یکجا کر کے مالی سال 1986-87 میں قائم کیا گیا جبکہ فور ٹائر فارمولہ کے مطابق ڈائریکٹر لائیو سٹاک ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ صوبہ سرحد کو گریڈ 19 سے گریڈ 20 کو اپ گریڈ کیا گیا۔ جاری شدہ نوٹیفیکیشنز نمبر No.3003-08/Estt/DGAR Dated 04-04-1998 اور No.FD(SR-1)/20-1/2007 Dated Peshawar,the 1st April 2008 ملاحظہ ہوں۔

(ii) مذکورہ ڈائریکٹریٹ کے ذریعے جو پراجیکٹس مکمل کئے گئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(iii) مذکورہ پراجیکٹس / سنٹر میں تمام بھرتیاں مروجہ قواعد و قوانین اور میرٹ کی بنیاد پر ہوئی ہیں جس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

739۔ سردار شمعون یار خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج و کمپلیکس ہسپتال میں مختلف کیڈرز میں بھرتیاں کی گئی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بھرتیاں کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہیں، کن کن لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے، ان کے نام، ولدیت اور پتے کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) ایوب میڈیکل کمپلیکس ایبٹ آباد میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران مختلف کیڈرز میں بھرتیاں باقاعدہ قواعد و ضوابط کے تحت متعلقہ کمیٹی کی سفارش پر کی گئی ہیں جس کی تفصیل فراہم کی گئی۔

747۔ سردار شمعون یار خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج و کمپلیکس ہسپتال میں چیف ایگزیکٹیو سیکرٹریٹ بنایا جا رہا ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ چیف ایگزیکٹیو نے اپنے طور پر موجودہ عمارت میں تعمیر و تبدیلیاں شروع کی ہیں;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کالج و کمپلیکس میں پاور جنریشن لگانے کا کام شروع کیا گیا تھا;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) چیف ایگزیکٹیو سیکرٹریٹ تعمیر کرنے کی کیا ضرورت محسوس کی گئی ہے;

(ii) آیا موجودہ عمارت میں تعمیر و تبدیلیوں سے عوام کو سہولتیں میسر ہونگی یا ذاتی مفاد کی خاطر تعمیر و تبدیلیاں کی جا رہی ہیں;

(iii) مذکورہ کالج و کمپلیکس میں پاور جنریشن کا کام کیوں ادھورا چھوڑا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کیا جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی نہیں، بلکہ ایڈمن بلاک جس میں چیف ایگزیکٹیو، ڈائریکٹر فنانس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ، ریکارڈ کے دفاتر کے علاوہ ایک کانفرنس/سمپوزیم ہال موجودہ ہے جس کی باقاعدہ منظوری مینجمنٹ کونسل سے لی گئی ہے۔

(ب) جی نہیں، بلکہ ہسپتال میں گنجائش کی کمی پوری کرنے کیلئے شعبہ جات کی سفارشات پر مزید گنجائش پیدا کی جارہی ہے جو کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2008-09/10 کا حصہ ہے۔ Renovation Improvement in AMC جس کا اے ڈی پی اور کوڈ نمبر 162/80175 ہے، اس کی لاگت 31.174 ملین روپے ہے۔

(ج) جی نہیں، بلکہ کالج و ہسپتال کی بڑھتی ہوئی بجلی کی مانگ اور اخراجات کو مدنظر رکھ کر مارکیٹ سے سستی اور معیاری بجلی بنانے والی فرموں سے تجاویز طلب کی ہیں جن کو حکومت کی منظوری کے بعد قابل بنایا جائیگا۔

(د) (i) جیسا کہ جز (الف) میں واضح کیا گیا ہے کہ چیف ایگزیکٹیو سیکرٹریٹ نہیں بنایا جارہا بلکہ ایڈمن بلاک زیر تعمیر ہے جس میں چیف ایگزیکٹیو کا دفتر، ڈائریکٹر فنانس اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ کے دفاتر اور پورے ہسپتال کا ریکارڈ روم ہوگا۔

(ii) ہسپتال کے اندر تمام تبدیلیاں متعلقہ شعبہ جات سے مشاورت اور عوام کے وسیع تر مفادات میں کی گئی ہیں۔ قبل ازیں لیبر روم ہسپتال کی دوسری منزل پر تھا جس سے مریضوں کو مشکلات درپیش تھیں، اب اسے گراؤنڈ فلور پر منتقل کیا گیا ہے، مریض اس سے بھرپور فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرح فلٹر کلینک بھی عام مریضوں کو جنرل او پی ڈی کی سہولت فراہم کرنے کیلئے سپیشلسٹ او پی ڈی سے علیحدہ کی گئی جہاں پر متعلقہ او پی ڈی کے کوالیفائیڈ ڈاکٹرز مریضوں کا معائنہ کرتے ہیں جہاں لیبارٹری، ایکسرے والٹرا ساؤنڈ کی سہولیات موجود ہیں۔ اس فلٹر او پی ڈی کی جگہ تین نئے آپریشن نیوروسرجری، یورالوجی اور ڈینٹسٹری جیسے اہم شعبوں کو ہفتہ میں ڈیڑھ دن اوٹی میسر تھی، مریضوں کو آپریشن کیلئے انتظار کرنا پڑتا تھا، اب ان شعبوں کو پورا ہفتہ اوٹی کی سہولت میسر ہوگی اور مریضوں کے بروقت آپریشنز ہونگے۔ اس طرح لیبارٹری کی سہولت بھی ایمرجنسی، سی سی یو اور آئی سی یو سے دور تھی، مریضوں کو مشکلات کا سامنا تھا، لیبارٹری اور بلڈ بینک کو

عصر حاضر کے تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ایمرجنسی کے قریب منتقل کیا گیا ہے، اب مریض اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ مزید برآں لیبارٹری میں چند نئے جدید سپیشلائزڈ ٹیسٹوں کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے۔ تمام تبدیلیوں میں عوام کی ضروریات کو مد نظر رکھا گیا ہے اور باہمی مشاورت کی پالیسی کو اپنایا گیا ہے۔ یہ تمام تبدیلیاں مجموعی مفاد کے حامل ہیں جنہیں باقاعدہ پریس کانفرنس اور اخبارات کے ذریعے اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے مشتہر کیا گیا۔

(iii) قبل ازیں کالج و کمپلیکس میں پاور جنریشن کے متعلق کوئی سوچ و بچار نہیں کی گئی اور نہ ہی اس پر کوئی کام کیا گیا۔ انتظامیہ پاور جنریشن پر کام کر رہی ہے، اس کے متعلق نجی شعبے سے تجاویز مانگی گئی ہیں۔

602۔ <u>محترمہ زرقا:</u> کیا وزیر ورکس اینڈ سروسز ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں اس وقت دو چیف انجینئرز تعینات ہیں اور دونوں ایک ہی نوعیت کے کام یعنی بلڈنگز اور روڈز کرتے ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ایف ایچ اے کے زیر نگرانی سڑکوں پر Gang کا عملہ نہ ہونے کی وجہ سے سڑکوں کی حالت بہت خراب ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ پہلے یہ سڑکیں محکمہ کے ہر ضلعی ایکسیئن کے زیر نگرانی ہوتی تھیں جس کی وجہ سے سڑکوں کی حالت بہتر تھی، ٹی اے ڈی اے اور دیگر عملہ پر خرچ بھی نہیں آتا تھا؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) آیا بلڈنگز اور روڈز کیلئے ایک چیف انجینئر کافی نہیں، جس کی وجہ سے خزانے پر بوجھ کم ہو جائے گا؛

(ii) آیا حکومت سڑکوں کی دیکھ بھال اور مرمت کیلئے عملہ تعینات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

<u>جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ):</u> (الف) جی نہیں، دسمبر 2009 سے پہلے محکمہ ورکس اینڈ سروسز میں صوبائی سطح پر ایک چیف انجینئر کام کر رہا تھا جبکہ اس وقت محکمہ سی اینڈ ڈبلیو میں تین چیف انجینئرز تعینات ہیں:

(1) چیف انجینئر نارتھ	برائے شمالی اضلاع
(2) چیف انجینئر سنٹر	برائے پشاور اور جنوبی اضلاع

(3) چیف انجینئر سنٹرل ڈیزائن آفس(Central Design Office)

(ب) جی نہیں، ایف ایچ اے اپنے وسائل کے مطابق سڑکوں کی دیکھ بھال کرتی ہے اور سڑکوں کی حالت تسلی بخش ہے۔

(ج) جی ہاں۔ یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ صوبہ سرحد میں سڑکوں کی کل لمبائی تقریباً 24600 کلو میٹر ہے جس میں ایف ایچ اے کے ساتھ 2000 کلو میٹر روڈ ہے جس کی نگرانی مقامی انجینئرز تسلی بخش طریقے سے کرتے ہیں اور صوبائی ممبران اسمبلی بھی یہ سفارش کرتے ہیں کہ ان کی سڑکیں بھی ایف ایچ اے کے حوالے کی جائیں تاکہ ان کی دیکھ بھال صحیح طریقے سے ہو سکے۔

(د) (i) جس طرح جز (الف) میں ذکر کیا گیا ہے کہ بلڈنگز اور روڈز کیلئے بندوبستی علاقوں میں بجائے ایک چیف انجینئر کے تین چیف انجینئرز تعینات کئے گئے ہیں تاکہ محکمہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

(ii) ضلعی سڑکوں کی مرمت کیلئے Gang کا عملہ موجود ہے جو کہ سڑکوں کی دیکھ بھال کرتا ہے جبکہ ایف ایچ اے کی سڑکوں کی مرمت ٹھیکیداروں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: چند معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: عنایت اللہ خان جدون صاحب 08-10-2010 تا 11-10-2010؛ راجہ فیصل زمان صاحب 07-10-2010 تا اختتام اجلاس، فیصل زمان صاحب تو آئے تھے۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: نہیں آئے تھے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا۔ سردار اورنگزیب خان نلوٹھا صاحب، سید مرید کاظم شاہ صاحب اور جناب منور خان ایڈوکیٹ 08-10-2010 کیلئے جبکہ محترمہ شازیہ طہماس صاحبہ نے 08-10-2010 تا 15-10-2010 تک رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: Leave is granted.

<u>Hafiz Akhtar Ali</u>: Point of order, Sir.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب اول، حافظ اختر علی صاحب اول۔

غیر رسمی کارروائی

مسجد درویش اور مدرسہ امداد العلوم پشاور میں سرچ آپریشن

حافظ اختر علی: ډیره شکریه۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو په وساطت سره د ایوان توجه یو ډیرے اهم او حساس مسئلے طرف ته مبذول کول غواړم۔ دا زما لاس کښے روزنامه 'مشرق' دے او دیکښے ډیرے سرخئ سره دا خبر راغلے دے چه " مسجد درویش اور ملحقہ مدرسہ امداد العلوم میں سرچ آپریشن، تلاشی کے دوران پولیس کو کوئی دہشتگرد نہیں ملا، محاصرہ ختم کرکے مسجد و مدرسہ سے پولیس دستے ہٹا لئے گئے، آپریشن غلط فہمی کی بناء پر کیا گیا"۔ جناب سپیکر صاحب، دا یقیناً یو ډیره افسوسناکه او یو ډیره انتهائی یعنی حساس مسئله ده۔ دینی مدارس د قرآن او د سنت نشر و اشاعت کوی او د هغے ترویج کوی او بیا دغه دینی مدارس چه په هغے کښے د انسانیت تعمیر کیږی او دغه دینی مدارس چه هغه زمونږه معاشرے ته عقائد، اعمال او اخلاق راکوی۔ جناب سپیکر صاحب، جامعه امداد العلوم پشاور خو پخپله د دهشتگردئ شکار شوے ده، د دے یو عظیم ستر مشر، لوئے محدث، شیخ الحدیث مولانا حسن جان صاحب رحمته الله علیه چه هغه دهشتگردو شهید کړے وو، هغه د دے شیخ الحدیث وو، نن په هغه مدرسه باندے د سیکیورټی فورسز، د پولیس او د ادارو چهاپه او بیا دوه څلور گهنټے هغه ټوله مدرسه، د هغے تعلیمی نظام درهم برهم، د هغے طلباء، د هغے علماء، یقیناً د دے سره د مدرسے ساکه انتهائی متاثره شوے دے۔ مونږه د دے واقعے ډیر زیات مذمت کوؤ، دا ډیره زیاته افسوسناکه واقعه ده او مونږه د حکومت نه مطالبه کوؤ چه هغوی د د دے واقعے صحیح انکوائری اوکړی او د دے چه کوم نقصان شوے دے، د هغے دغه د اوکړی۔ زمونږه دا نور ملگری هم په هغے څه خبره کول غواړی، که تاسو مهربانی اوکړئ نو ډیره مهربانی به وی۔

جناب سپیکر: که دا مو لږ لیکلے رالیږلے وے نو دا اوس یو ایشو، د گورنمنټ مؤقف به پرے واورو کنه۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! زهٔ په دے باندے خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب، مفتی صاحب اول۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان صوبہ سرحد کا ناظم ہوں۔۔۔۔

ایک آواز: خیبر پختونخوا۔

مفتی کفایت اللہ: خیبر پختونخوا کا اور ہم نے یہ پالیسی طے کی ہے کہ جب بھی دہشتگردی کے حوالے سے، یہ طے ہوا تھا تو پھر ہم نے سیکیورٹی فورسز کو اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی اور الحمد للہ ثم الحمد للہ اس ملک کے اندر صرف وفاق المدارس کے ساڑھے تیرہ ہزار رجسٹرڈ مدرسے ہیں اور سپیکر صاحب، آپ اس انکشاف سے حیران ہو جائیں گے کہ اس کے اندر پڑھنے والے بچوں اور بچیوں کی تعداد بیس لاکھ ہے اور یہ تمام کے تمام سرکاری امداد اور سرکاری خرچے کے بغیر ہیں۔ اس کے معنٰی یہ ہیں کہ یہ ایک بہت بڑی این جی او ہے جو امن اور جہالت کے خلاف ایک جہاد کے اندر لگے ہوئے ہیں اور بہت اچھا Concept ہے۔ اس کا آپ کو اندازہ ہے کہ دینی مدرسہ اور مسلم معاشرہ یہ لازم وملزوم ہیں، میں اس میں نہیں جاؤنگا بلکہ میں اس بات کو سیکنڈ کرنا چاہتا ہوں کہ جامعہ امداد العلوم یادرویش مسجد خود دہشتگردی کا شکار ہے یعنی جب تمام جماعتیں اور تمام پارٹیاں دہشتگردوں کے خلاف لڑ رہی تھیں تو اس وقت ہمارے فتوؤں کی ضرورت تھی اور اس وقت فتویٰ دینا مشکل تھا اور میرے شیخ الحدیث جو وفاق المدارس کے نائب صدر تھے اور یہاں کے شیخ الحدیث تھے، ممتاز عالم دین مولانا حسن جان صاحب نے جرات کے ساتھ وہ فتویٰ دیا کہ پاکستان کے اندر بندوق اٹھانا جائز نہیں، یہ ایک جملہ نہیں تھا، یہ ایک اخلاقی، Moral تائید تھی اور شرعی طور پر ایک فتویٰ تھا جس کا ان کو نقصان ہوا اور اس فتوے کی پاداش میں، میں ایک شیخ الحدیث اور علم کے ایک بہت بڑے پہاڑ سے محروم ہو گیا ہوں لیکن میں آج حیران ہو جاتا ہوں کہ بغیر وجہ بتائے وہ آکر یہاں پر سرچ آپریشن کے نام پر مدرسے

کا تقدس پامال کرتے ہیں، مسجد کا تقدس پامال کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ میری بھی داڑھی ہے، میری بھی پگڑی ہے، میں بھی مولوی کہلاتا ہوں اور جو ان کے خلاف لڑتا ہے، وہ بھی داڑھی والا ہے، وہ بھی پگڑی والا ہے اور وہ بھی مولوی کہلاتا ہے، اب میں تو آپ کے ساتھ ایوان کے اندر بیٹھا ہوں، میں صوبے کے ایوان کے اندر بیٹھا ہوں، میں پارلیمنٹ میں بیٹھا ہوں، میں وفاقی کابینہ میں بیٹھا ہوں، اگر ریاست اس پرامن جدوجہد اور مسلح جدوجہد میں فرق نہیں کرے گی تو میں کس کے پاس جاؤنگا؟ میرے لئے یہ بات کہنا مشکل ہے، جب میں یہ بات کرتا ہوں تو وہ میرے صف کا آدمی ہے، وہ میرے کلاس روم کا آدمی ہے، میرے لئے مشکلات پیدا کرتا ہے۔ مولانا معراج الدین ہمارے سابقہ ایم این اے شہید ہو گئے، مولانا نور محمد سابق ایم این اے شہید ہو گئے اور میرے پاس ایک لمبی فہرست ہے لیکن میں کیا کروں، آپ بھی ہمیں ماریں، وہ بھی ہمیں ماریں تو ہم کہاں جائیں گے؟ ہم نے اپریل میں تیس ہزار علماء کو یہاں پشاور میں جمع کیا اور اس وقت جب یہ کرنا مشکل تھا، تیس ہزار علماء سے فتویٰ کے متعلق پوچھا گیا کہ جو لوگ اسلامی نظام کی بات کرتے ہیں کیا ان کو پاکستان کے ماحول میں بندوق اٹھانا جائز ہے؟ تو ایک الفاظ میں، بیک آواز تمام علماء نے یہ تائید کی ہے کہ پاکستان میں بندوق اٹھانا جائز نہیں ہے۔ ہم تو آپ کو شرعی مواد فراہم کر رہے تھے سیکیورٹی فورسز کیلئے اپنی زندگیوں کو خطرے میں ڈال کر اس قسم کا مواد فراہم کرتے ہیں۔ ہم اپنے لوگوں کے اندر بدنام ہو چکے ہیں، وہ ہمیں مارنا چاہتے ہیں، وہ ہمیں منافق کہتے ہیں، اب اسمبلیوں سے نکل آنے کا کہتے ہیں کہ آپ جمہوریت سے نکلیں تاکہ ہماری جدوجہد کے اندر اور طاقت پیدا ہو جائے۔ جناب سپیکر، ہم ان کا بھی مقابلہ کرتے ہیں اور یہاں میں اپنے بچوں کیلئے بھیک مانگتا ہوں کہ جو بچہ پڑھتا ہے خدا کیلئے اس کو تنگ نہ کیا جائے، (آبدیدہ ہو کر) اس کو ڈسٹرب نہ کیا جائے اور اگر اس کو تنگ کیا جائے گا، اس کو ڈسٹرب کیا جائے گا تو پھر میں کہاں جاؤنگا؟ میں آئین پاکستان کی بات کرتا ہوں، میں آئین پاکستان کا خالق ہوں، میں جغرافیے کی بات کرتا ہوں، میں پاکستان کے اداروں کا احترام کرتا ہوں، میں پاکستان کی جغرافیائی حدود کا احترام کرتا ہوں لیکن مجھے نہیں چھوڑا جا رہا، مجھ پر شک کیا جا رہا ہے، کب تک مجھ پر شک کیا جائے گا، میں کس کے پاس اپنا مقدمہ لے جاؤں؟ میرے پاس تو کوئی ایسا فورم نہیں ہے (آبدیدہ ہو کر) کہ میں مقدمہ لڑ جاؤں۔ میں بچوں کو دینی تعلیم دینا چاہتا ہوں، میرا بچہ دینی تعلیم پڑھتا

ہے تو اس کو مارا جاتا ہے، (تالیاں) شرم کی بات ہے، بہت زیادہ شرم کی بات ہے۔ میں آج حکومت کی طفل تسلیوں سے مطمئن نہیں ہو نگا، جناب سپیکر! میں آج حکومت کی طفل تسلیوں سے مطمئن نہیں ہو نگا۔ جناب سپیکر، اگر میرے مدرسے کا تقدس پامال رہا تو پھر میں مجبور ہو جاؤنگا، میں وہی کچھ کرونگا جو مجھے کرنا چاہیئے، خدا کیلئے مجھے مجبور نہ کیا جائے۔ اگر آج شیخ حسن جان مرحوم رحمتہ اللہ علیہ کا مدرسہ محفوظ نہیں تو پھر حافظ اختر علی کا مدرسہ محفوظ نہیں، مفتی سید جانان کا مدرسہ محفوظ نہیں، مفتی کفایت اللہ کا مدرسہ محفوظ نہیں، امریکہ کے کہنے پر مولانا فضل الرحمان کا مدرسہ محفوظ نہیں، کیا امریکہ کے کہنے پر بچوں کو قرآن کی تعلیم دینے پر پابندی لگ جائیگی، کیا داڑھی پر پابندی لگ جائیگی، کیا پردے پر پابندی لگ جائیگی، کیا مدرسے پر پابندی لگ جائیگی؟ کیا مسجد پر پابندی لگ جائیگی؟ اگر یہ پابندیاں ہیں تو یہ ایوان نہیں رہینگے، یہ اقتدار نہیں رہے گا، ہمیں خدا کے سامنے جواب دینا ہو گا۔ یہ ایک مدرسہ نہیں ہے، یہ ایک ٹسٹ کیس ہے، اگر میرے مدرسے کا تقدس بحال نہ کیا گیا، اس کا آزالہ نہ کیا گیا تو پھر مجھے رونے دیجئے، احتجاج کرنے دیجئے، میرا حق ہے، اگر آپ تھپڑ مارتے ہیں تو رونا میرا حق ہے۔ میں عرض کرتا ہوں ایوان میں ان لوگوں کو جو اونچا سنتے ہیں، ایوان میں ان لوگوں کو جن کو دکھائی نہیں دیتا، ان لوگوں کو جو صرف اپنی بات سنتے ہیں۔

ے آعندلیب ملکر کرے آہ وزاریاں تو ہائے گل پکار اور میں چلاؤں ہائے دل

شکریہ جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: نگہت اور کزئی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اور کزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر، مفتی کفایت اللہ صاحب کے بعد اتنے مدلل انداز میں تو بات نہیں کرپاؤں گی لیکن جناب سپیکر صاحب، کل جو کچھ بھی ہوا، میں ذاتی طور پر اس کی مذمت کرتی ہوں کیونکہ وہاں پر ڈھائی سو بچے زیر تعلیم ہیں جو قرآن اور حدیث کی تعلیم لے رہے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، ہماری پولیس، ہماری سیکیورٹی فورسز اور ہماری حکومت کے ساتھ ہم لوگوں نے، ہماری پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف باقاعدہ طور پر آواز اٹھائی ہے، اس کیلئے ہمارے لیڈران صاحبان پر حملے بھی ہوئے ہیں، ہم نے اپنی جانوں کی پرواہ بھی نہیں کی ہے اور ہم نے ہمیشہ ان دہشت

گردوں کو سفاک قاتل اور انسانیت کے قاتل کہہ کر پکارا ہے کہ جو انسانی جانوں کے قاتل بنتے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، کل جو کچھ بھی ہوا، جس غلط فہمی کی بنیاد پر بھی ہوا تو میں حکومت سے یہ اپیل کروں گی کہ حکومت بے گناہ اور گناہگار لوگوں میں تمیز کرے کیونکہ یہی لوگ جن کو اگر بے گناہ تنگ کیا جائے تو یہی لوگ پھر بندوق اٹھانے پر مجبور ہو جاتے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، سیکیورٹی فورسز اور پولیس کو، آج چونکہ ہمارا خیبر پختونخوا اس سے زیادہ متاثر ہے، کو Well equipped کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس Latest information ہوتی ہیں جناب سپیکر صاحب، پھر ایسا Blunder کیسے ہو جاتا ہے کہ جہاں پر ڈھائی سو بچے قرآن اور حدیث کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور ان پر وہ چھاپہ مارے اور جا کر ہمارے مدرسے اور مسجد کے تقدس کو پامال کرے؟ جناب سپیکر صاحب، میں ذاتی طور پر دہشت گردی کے خلاف ہوں، میری پارٹی دہشت گردی کے خلاف ہے، دہشت گردوں کو ہم نے آخری دم تک نہیں چھوڑنا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، ہماری سیکیورٹی فورسز، پولیس اور گورنمنٹ کو ان لوگوں میں فرق کرنا چاہیئے، ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ جو ہیں، جن کو بے گناہ تنگ کیا جاتا ہے، وہ لوگ پھر بندوق اٹھانے پر مجبور ہو جائیں اور جناب سپیکر صاحب، ان لوگوں کو جو قرآن اور حدیث کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں، ان کو تعلیم حاصل کرنے دیا جائے تاکہ وہ تو اس معاشرے کا ایک بہترین حصہ بن سکیں جناب سپیکر۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: ثاقب اللہ خان صاحب، لږ مختصر خبره اوکړئ نو ښه به وی جی۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: ټول لږ مختصر خبره اوکړئ نو ښه به وی جی۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، مفتی صاحب چه دا کوم جذبات دلته خپل اوښودل، دا زمونږه د ټولو دی جی خو سر مسئله دا سے ده چه مونږ له پکار دا دی چه دا ډسکشن خالی د مدرسو حد پورے نه دغه کوؤ۔ مسئله دا سے ده چه نن زمونږ د ماشومانو مستقبل په خطره کښے دے جی۔ پرون زما دوه سکولونه په شیخانو یونین کونسل کښے په ایوب خیلو کښے او بیا په شیخانو کښے یو Under construction سکول الوتے دے

جی۔ په دے میاشت کښے سلمان خیلو کښے جی په درے یونین کونسلز کښے یو د جینکو هائی سکول مونږه دے ځل ورکړے وو جی، هغه ئے په دے میاشت کښے ، لس ورځے مخکښے ئے والوزولو، یو ئے پرائمری سکول په ماشو خیلو کښے والوزولو، یو د ماشو خیلو سکول ئے والوزولو، دویم سلمان خیلو پرائمری سکول ئے والوزولو، خالی په مدرسو کښے زمونږه ماشومان دغه نه دی جی، زمونږ د ماشومانو هر چرته مستقبل په تیاره کښے دے، په شیخانو یونین کونسل کښے دا د سکولونو تباهی، دلته خو چهاپه اولګیده، هلته خو د هغوی مستقبل بالکل تباه شو، دلته مونږ سره فنډونه نشته، دلته مونږه په نورو عذابونو کښے مبتلا یو، د سیلاب د وجه نه، مخکښے نه جی اوس د سیکیورټی پرابلمز دومره زیات شو چه بیا هغه کار شروع شو په پیښور کښے ، دا کیپیټل دے جی، دے پیښور کښے ، د صوبے په مرکز کښے سکولونه الوزیږی لګیا دی دا څوک الوزئ؟ دهشت ګرد لګیا دی او مونږ څه نه کوؤ، په پیښور ښار کښے چه دیرش کلومیټره لرے نه دے جی او دا کیږی لګیا دے۔ پینځه سکولونه جی په دوو یونین کونسلو کښے د جینکو او د هلکانو چهاپه خو اولګیده جی، د هغے به جی انشاء الله سزا هم ملاؤ شی خو د دے ماشومانو د مستقبل به څه کوؤ؟ دا خو چه تر څو پورے سکول جوړ نه شی نو د هغوی مستقبل په تیاره کښے شو جی۔ په ټول درے څلور یونین کونسلز کښے زما یو هائی سکول نشته دے جی، مخکښے ځل مونږه اپ ګریډ کړو، ورمو کړو، حال ئے دا وو چه هغه اوس داسے لکه چه چا وربانديے په میزائل باندے یا ئے پرے ډرون حمله کړی وی۔ سر، دا دهشت ګردی او زمونږ د مستقبل څه پلاننګ شته دے او که نشته نو ادارے څه کوی؟ یو نه، دوه نه، پینځه سکولونه جی په لس ورځو کښے ، اته ورځو کښے زمونږ په پیښور کښے والوتل جی۔ ما تاسو ته مخکښے هم ریکویسټ کړے وو او اوس هم کوؤ چه دا خالی داسے نه ده چه دا د مذهب خبره ده، دا د مذهب نه ده، مونږه ټول الحمدلله مسلمانان یو، ټول پښتانه یو او Irrespective of political affiliation مونږه په دیکښے دردیږو۔ مونږ که دینی تعلیم غواړو، که دنیاوی تعلیم غواړو نو نن مونږه څوک نه پریږدی او مونږه داسے ناست یو او په دے باندے څه کولے نه شو نو مهربانی، زۀ غواړمه جی چه دا شے پوره ډسکشن ته

تاسو پریږدئ، په لاء اینډ آرډر باندے او مونږه غواړو چه د دے څه علاج رااوځی جی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی جناب عباسی صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب! دا پوائنٹ آف آرډر دے-----

جناب سپیکر: ادریږه، دے وختی راسے-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ اس سے-----

جناب سپیکر: ستا د زړۀ برا س هم ویستل دی۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! دا پوائنٹ آف آرډر دے، ډسکشن دے که ایډجرمنټ موشن دے، دا څه شے دے؟ پوائنٹ آف آرډر تاسو رولز کښے اوګورئ، پوائنٹ آف آرډر کښے دا نه دی چه دا دومره خبرے پرے اوشی یا خو بیا پکار ده چه د ډسکشن د پاره پرے ورځ کیږدئ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ بھڑاس کی بھی بات، یہ بھڑاس کی بات نہیں ہے جناب سپیکر، یہ بہت اہم بات تھی جو-----

جناب سپیکر: نہیں، پھر ایسا کریں کہ نوٹس دے دیں تاکہ اس کو ڈسکشن کیلئے Enter کریں، کیوں پیر صاحب؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! یہ سیکیورٹی ایجنسیاں جو گئی ہیں، جو Raid کیا ہے، انہوں نے جو پامالی کی ہے، انہوں نے خود کہا ہے کہ غلط فہمی کی بنیاد پر یہ کام ہم نے کیا ہے، انہوں نے کہا ہے کہ یہاں کوئی دہشت گرد نہیں تھا۔ اب ایک Incident کو ہم سارے Incident کے ساتھ اگر ملائیں گے، جس طرح ثاقب اللہ چمکنی صاحب کہہ رہے تھے تو سکولوں کا ہم نے قطعاً، اس کی بھی ہم مذمت کرتے ہیں لیکن جن Law Enforcement Agencies نے جا کر مسجد کا، مسجد درویش میں جا کر وہ Enter ہوئیں جس طریقے سے اور اس کی عزت کو انہوں نے پامال کیا ہے تو ہم سب ملکر اس کی شدید مذمت کرتے ہیں، یہ کوئی بات نہیں ہوسکتی کہ ہم ایک Pretext پر ان کو اجازت دے دیں، Law Enforcement

Agencies کو کہ وہ جہاں چاہے داخل ہو جائیں، اگر انہوں نے زیادتی کی ہے۔ اگر وہاں کوئی دہشت گرد نہیں تھا، معصوم بچوں کی پڑھائی ہو رہی تھی اور انہوں نے درویش مسجد کی اگر عزت کو پامال کیا ہے تو ہم اس کی پر زور مذمت کرتے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جو لوگ وہاں Enter ہوئے ہیں اور جن کے کہنے پر گئے ہیں، ان کا سخت سے سخت حساب کیا جائے اور ہاؤس میں بتایا جائے اور ان کے اوپر سخت ایکشن ہونا چاہیئے۔ (تالیاں) اس طرح جناب سپیکر، اگر ہم چھوڑ دینگے کہ یہ دہشت گرد ہیں تو کل اسمبلی میں بھی آ کر کہیں گے کہ یہاں دہشت گرد بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کو بھی پکڑنا شروع کر دینگے۔ جناب سپیکر، یہ تو کل ایم پی اے ہاسٹل میں بھی کہیں گے کہ وہاں دہشت گرد بیٹھے ہیں، ان پر بھی چھاپے ماریں گے۔ جناب سپیکر، اس طرح تو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! اگر آپ کو وہاں دہشت گرد کا پتہ چلے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، اس کے بعد۔

جناب محمد جاوید عباسی: ضرور ماریں لیکن اگر سچائی پر مبنی ہو تو مارنا چاہیئے۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! آپ اس کے بعد بات کرینگے۔

جناب محمد جاوید عباسی: لہذا جناب سپیکر، اس Incident کو دوسرے Incident کے ساتھ نہ ملایا جائے، یہ ایک بہت بڑا حادثہ ہوا ہے، بہت بڑی زیادتی ہوئی ہے اور مجھے یقین ہے کہ یہ بھی اٹھ کر کہیں گے کہ اس زیادتی میں جو لوگ بھی ملوث ہونگے، ان کو سخت سے سخت سزا دی جائے۔

جناب سپیکر: جی، ٹریژری بنچز سے جناب بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دا لږ یو دوه خبرے۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: سر! زما یو خبره خو واورئ کنه۔

جناب سپیکر: نه، د دے پوائنټ آف آرډر نه خو تاسو لوئے ډیبیټ ساز کړو۔ یا تو اس کو موشن میں لے آئیں تاکہ میں سب کو موقع دوں، موشن لے آئیں تاکہ میں Monday کو، آنے والے دن کو۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: تو ٹھیک ہے، موشن لے آتے ہیں۔

جناب سپیکر: موشن لے آئیں۔ بیٹھ جائیں، اب سارے بیٹھ جائیں۔ Is it the-----

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: ہں جی؟

سینیئر وزیر (بلدیات): دوئ خو خپلے خبرے تولے اوکڑے ، د حکومت خبرے خو هم تاسو واورئ کنه، دا به سبا په اخبارونو کښے Lead لګی نو دا خو-----

جناب سپیکر: نو ما خو تاسو ته فلور درکړو، تۀ نه وایے نو دا سے چه یو یو پا څیږئ۔

(شور)

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! دوئ خپلے خبرے اوکړے او بیا ځی نو دا خو څه طریقه نه شوه۔

(شور)

جناب سپیکر: اوس د دوئ جواب خو واورئ کنه۔

(شور)

سینیئر وزیر (بلدیات): جواب واورئ، جواب واورئ نو بیا خبره اوکړئ۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب!

(شور)

جناب سپیکر: نه جواب خو به اورئ کنه۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بس ځی د کنه جی، دا-----

جناب سپیکر: نه دا غیر جمهوری طریقے باندے تاسو واک آؤټ کوئ۔

(شور)

(اس مرحلہ پر جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ارکان ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ تو پوائنٹ آف آرڈر پر رولنگ تو آپ نے دینی ہے تو واک آؤٹ کیسے کر رہے ہیں؟ وہ تو پوائنٹ آف آرڈر تھا تو پوائنٹ آف آرڈر پر تو رولنگ آپ نے دینی ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ انہوں نے باتیں کی ہیں، اب ہماری بات بھی سنیں نا، یہ تو بات نہ ہوئی کہ بات کہہ کر ہم بھاگ جاتے ہیں جی، یہ تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں، تو آپ بولیں نا، میں نے تو آپ کو موقع دیا تو آپ نے دوسرا اٹھا دیا تو لمبا کرتے جا رہے ہو نا۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، وہ دیکھیں کہ وہاں سے دس آدمیوں نے بات کی ہے، اگر یہاں سے دو آدمی بات کر لیں تو کوئی فرق نہیں پڑتا، ان کا بھی اپنا ایک نکتہ نظر تھا۔

جناب سپیکر: جی، آپ بتائیں جی، گورنمنٹ کا مؤقف بتائیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، انہوں نے جو باتیں کی ہیں، اب میں کیا کروں، اب وہ کھڑے ہو گئے، اب آپ بتائیں میں کیا کروں؟

سید محمد صابر شاہ: دس منٹ سے کھڑا ہوں، کونسی قیامت آگئی ہے، اگر دو باتیں ہم سب کر لیتے ہیں تو آپ کا بھی مسئلہ حل ہوتا ہے۔ ایک چیز پہ ہم احتجاج ریکارڈ کرتے ہیں تو بات ختم ہو جاتی ہے، حکومت کیوں ایک مسئلے کو مزید اس حد تک آگے لے جاتی ہے کہ وہ خود حکومت کیلئے مسئلہ بنے؟

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! دا فلور تا سو ما تہ را کړو کہ دوئ تہ؟

سید محمد صابر شاہ: دو چار منٹ، ٹھیک ہے یہ آپ کی حکومت ہے، آپ کا ایوان ہے، آپ بولیں، دن رات بولیں لیکن دو منٹ ہمیں بھی دے دیں۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: بسم اللہ پیر صاحب۔ (قہقہہ) بسم اللہ پیر صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، میں گزارش یہ کر رہا تھا کہ یہ مسئلہ اس وقت انتہائی اہم مسئلہ ہے جس سے نہ صرف ہمارا صوبہ خیبر پختونخوا بلکہ پورا پاکستان ان مسائل سے دوچار ہے۔ ہمیں حکومت کی سطح پر جس طرح چمکنی صاحب نے بھی فرمایا کہ ہمارے سکولز اڑائے جا رہے ہیں، دوسری طرف مدارس کے اندر، دیکھیں جی مسجد اور مدرسے کا اپنا ایک تقدس ہے، چاہے جس مسلک سے ہمارا تعلق ہو، جس جماعت سے ہمارا تعلق ہو، اس بات پہ کسی کو اختلاف نہیں ہے، چاہے جہاں بھی مسجد ہے، جہاں مدرسہ ہے تو اس کا اپنا تشخص ہے، اس

کا اپنا تقدس ہے اور ہمیں اس کے اس تشخص اور اس تقدس کا ہر لمحے پہ خیال رکھنا چاہیئے۔ آج اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اس کے اندر حکومت کی سطح پہ، عوامی سطح پہ اور جماعتی سطح پہ اس بات کی یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ دہشت گردی کے خلاف ہمیں اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے لیکن میں اپنے اداروں سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ دیکھیں، ایک مسجد اور ایک مدرسہ کی جب آپ کے پاس ایک انفارمیشن بھی ہوتی ہے لیکن آپ کو اس بات کا خیال ضرور رکھنا چاہیئے کہ اس مسجد کے ساتھ، اس مدرسے کے ساتھ بطور مسلمان ہمارا ایک جذباتی تعلق ہے، ایک جذباتی وابستگی ہے اور اس کو ہم اسمبلی کے رولز اور ریگولیشنز کے پیمانے میں نہیں ناپ سکتے، ہم پر جب بطور مسلمان ایک ایسا لمحہ آتا ہے تو وہاں پر ہم نہ رولز کو خاطر میں لاتے ہیں، نہ ہم کسی اصول کو خاطر میں لاتے ہیں۔ جہاں ہمارے دین کی، ہمارے قرآن کی، ہمارے مذہب کے تقدس کی بات سامنے آتی ہے تو اس کیلئے پھر ہمیں یہ بھی نہیں دیکھنا پڑتا کہ کون کس مکتبہ فکر سے اس کا تعلق ہے کیونکہ سب کا اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان ہے، قرآن ہمارا ایک ہے اور ان مدارس کے اندر جو دین کی تعلیم دی جا رہی ہے، ہمیں افسوس ہے کہ اس دور کے اندر جس طرح سے حالات پیدا ہو رہے ہیں، ان میں ہمارے ان اداروں کے تقدس کو جان بوجھ کر مجروح کرنے کی کوشش ہو رہی ہے تو حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ اگر اسلام کو بدنام کرنے، اسلام سے وابستہ ان اداروں کو بدنام کرنے کیلئے اگر ایک منظم سازش اندرونی طور پر بھی اور بین الاقوامی سطح پر بھی اگر ایک سازش ہو رہی ہے کہ کس طرح سے اسلام پر عمل کرنے والے مسلمان، دین کے راستے پر چلنے والے ان لوگوں کو اس طرح بدنام کر دیا جائے کہ ساری دنیا کیلئے اسلام کے قریب جانا جو ہے، وہ ایک شجر ممنوعہ بن جائے۔ ایسی صورت میں بڑی حساسیت کی بات ہے کہ حکومت کے ادارے اور میں خود اپنی جماعتوں سے بھی گزارش کرونگا، میں اپنی دینی اور مذہبی جماعتوں سے بھی گزارش کرونگا اور میں یہ برملا کہنا چاہتا ہوں کہ چاہے ہماری سیاسی جماعتیں ہوں، چاہے ہماری دینی جماعتیں ہوں، چاہے حکومت ہو، حکومت بڑی قیمت ادا کر رہی ہے، آپ کے پولیس کے بڑے بڑے اور اچھے اچھے آفیسرز آج مر رہے ہیں، شہید ہو رہے ہیں، جگہ جگہ دھماکے ہو رہے ہیں لیکن حکومت کی سطح پر جو حکومت کی ایک ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ تمام جماعتوں کو، تمام مکاتب فکر اور

مختلف سوچ رکھنے والوں کو لیکر، بٹھا کر موجودہ حالات کے تقاضے میں کوئی لائحہ عمل اختیار کرے کہ جس سے ہم سمجھ رہے ہیں کہ حکومت بالکل عاری ہے، حکومت اس سلسلے میں بالکل سنجیدہ نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ارباب صاحب، ارباب ایوب جان صاحب، ارباب ایوب جان صاحب! آپ اور جاوید عباسی صاحب جائیں اوران کو لے آئیں۔

سید محمد صابر شاہ: یہ جو واقعہ ہوا ہے، اس واقعے کی ہم بالکل مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ مسجد، منبر اور محراب کا تقدس جو ہے، ہر حال میں اس کو تحفظ ملنا چاہیئے کیونکہ یہ پاکستان ہے اور یہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمدالرسو ل اللہ کی بنیاد پر بنا ہے۔ بڑی مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ لودھی صاحب! آپ بھی جائیں اور لے آئیں ذرا۔

